| | |
|---|---|
| TRANSLATIONS | ترجمے |
| TRADUCTIONS | 翻译 |
| الترجمات | अनुवाद |

«وصول کنندہ»
«پتہ» «گلی کا پتہ» «لاحقہ»
41030 BASTIGLIA MO

# آپ کا نیا کارٹا اسمیرالڈو

محترم شہری،
اپنی میونسپلٹی میں، ہم **بکھرے ہوئے کچرے**، **پلاسٹک/کینز**، **اور کاغذ/گتے** کو اکٹھا کرنے کے لیے **نئے کمپیوٹرائزڈ اسمارٹ بِنز** متعارف کروا کر کچرے کو اکٹھا کرنے کی سروس کو بہتر بنانے جا رہے ہیں۔
ہم الگ الگ جگہوں سے کچرا جمع کرنے کی بلند ترین شرح (90% سے زیادہ) حاصل کرنے پر بہت زیادہ خوش ہیں، جس کا کچھ سہرا آپ کے تعاون کو بھی جاتا ہے۔ نئی بنز کے ساتھ، اکٹھا کرنے کے معیار میں ہم مزید بہتری پیدا کر سکیں گے۔

بنز **جنوری کے آخر سے** اپنی جگہ پر لگا دی جائیں گی۔
ڈور-ٹو-ڈور کلیکشن ایریاز میں صارفین کے لیے سروس میں کوئی تبدیلی نہیں ہو گی۔

## نیو کارڈ کیوں؟




کیونکہ نئی بنز تکنیکی طور پر زیادہ عمدہ اور استعمال میں آسان ہوں گی۔ آپ اسے اپنے موبائل فون (اینڈرائیڈ یا iOS) کو استعمال کر کے بھی کھول سکیں گے، اور وہ زیادہ قابل استعمال بھی ہیں، کیونکہ آپ انہیں پیڈل سے بند کر سکتے ہیں۔

اس کتابچے میں آپ کو نئی بنز استعمال کرنے، اپنا نیا کارڈ وصول کرنے اور اسے فوری طور پر اپنے اسمارٹ فون پر ایکٹیویٹ کرنے کے بارے میں تمام ضروری معلومات مل جائیں گی۔

ہم آپ کو یاد دلاتے ہیں کہ "کچرے کے بامعاوضہ بندوبست کا انتظام (پے ایز یو تھرو)" (TCP) کنٹریکٹ کے حاملین تمام شہریوں کو نیا کارٹا اسمیرالڈو (اور گھاس کی کترن اور کٹائی کے لیے چابی) استعمال کرنے کی ضرورت ہے۔

اس نئی خصوصیت میں آپ کی مدد کے لیے، اس کتابچہ کے اگلے صفحہ پر، **ہم نے ایک ایسا کوڈ شامل کیا ہے** جو آپ کے اکاؤنٹ کے ساتھ پہلے سے ہی منسلک ہے۔ یہ آپ کو اپنے اسمارٹ فون کا استعمال کر کے نئی بنز کھولنے کی سہولت فراہم کرے گا، جو ایک ورچوئل کارٹا اسمیرالڈو کے طور پر کام کرے گا۔
اگر آپ فزیکل کارٹا اسمیرالڈو اور ایک سبز کچرے کو ٹھکانے لگانے کی چابی بھی چاہتے ہیں تو آپ مقررہ ڈسٹری بیوشن پوائنٹس پر جا سکتے ہیں۔

آپ کے تعاون کے لیے شکریہ اور براہ کرم ہماری انتہائی نیک خواہشات کو تسلیم کریں۔

پاؤلو پاؤلی (Paolo Paoli)
**ایریا مینیجر، موڈینا**
**محکمہ برائے کچرے کا بندوبست، ہیرا S.p.A.**

فرانسسکا سلویسٹری (Francesca Silvestri)
**میئر (Mayor)**
**میونسپلٹی برائے بسٹیلیہ (Bastiglia)**

## میں نیا کارٹا اسمیرالڈو کہاں سے حاصل کروں؟

ہم **ضمیمہ میں بتائے گئے شیڈول کے مطابق 14 سے 27 جنوری تک** کیس اسمیرالڈو میں آپ سے ملنے کے منتظر رہیں گے۔ نیا کارٹا اسمیرالڈو وصول کرنے کے لیے اپنے وقت کی دستیابی کی بنیاد پر کیسا اسمیرالڈو کا انتخاب کریں۔

| بستیلیہ (BASTIGLIA) | بومپورٹو (BOMPORTO) | سولارا (SOLARA) | سوربارا (SORBARA) |
|---|---|---|---|
| CASA DEL POPOLO | SALA CIVICA TORNACANALE | سگریٹ نوشی کی دوکان کے برابر میں آفس | SALA LOMBRICO |
| Via Parco delle Rimembranze 2 | Piazza Matteotti 35 | Via I Maggio 25 | Piazzetta dei Tigli |

*جب تک آپ نئی بنز تنصیب ہوئی نہ دیکھیں تب تک آپ پرانے کارٹا اسمیرالڈو کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں۔*

27 جنوری کے بعد آپ بستیلیہ یا بومپورٹو میں ہیرا کسٹمر ڈیسک پر جا سکتے ہیں۔

## اپنے ورچوئل کارٹا اسمیرالڈو کو ابھی ایکٹیویٹ کریں

***بن کھولنے کے لیے آپ کے اسمارٹ فون میں کون سی خصوصیات کا ہونا ضروری ہے؟***

- ✓ 4.4 یا اس سے اوپر کا اینڈرائیڈ ورژن، یا 14 یا اس سے اوپر کا iOS ورژن۔
- ✓ NFC ٹیکنالوجی، جسے کارٹا اسمیرالڈو کی جگہ موبائل فون استعمال کرنے کے لیے ایکٹیویٹ کیا جانا ضروری ہے۔ اس بات کو یقینی بنائیں کہ آپ کا اسمارٹ فون اس ٹیکنالوجی سے لیس ہو اور یہ ایکٹیویٹ ہو۔
- ✓ آپ کو "Il ریفیوٹولوگو (Il Rifiutologo)" ایپ کے تازہ ترین ورژن کی ضرورت پڑے گی۔
- ✓ "ڈیٹا ٹریفِک" فنکشن ایکٹیویٹ ہونا ضروری ہے۔

| ایکٹیویشن کوڈ |
|---|
| |

**یہ کوڈ پہلے سے ہی آپ کے کنٹریکٹ نمبر سے مربوط ہے ......................**

کوڈ کو پڑھیں اور "Il ریفیوٹولوگو (Il Rifiutologo)" ایپ کا استعمال کر کے اسے اپنے اسمارٹ فون میں درج کریں۔

- ✓ "کارڈ شامل کریں" ("اجوئینگی کارٹا (Aggiungi Carta)") ایریا تک رسائی کے لیے مینو اشیاء "اسمارٹی بن ( Smarty Bin)" ("کیسونے ٹو اسمارٹی (Cassonetto Smarty)") کا انتخاب کریں؛
- ✓ ایکٹیویشن کوڈ درج کریں؛
- ✓ TCP بل رکھنے والوں کے ٹیکس کوڈ کو درج کریں؛
- ✓ "ایکٹیویٹ" ("ایکٹیوا") کو دبائیں۔

ایک ہی کوڈ کو ایک سے زیادہ اسمارٹ فونز پر ایکٹیویٹ کیا جا سکتا ہے، اور یہ ہمیشہ TCP بل ہولڈر کے اسی ٹیکس کوڈ کی نشاندہی کرتا ہے جس سے کوڈ مربوط ہوا ہے۔ ایک ہی اسمارٹ فون پر ایک سے زیادہ ورچوئل کارڈز کو ایکٹیویٹ کیا جا سکتا ہے۔

***آپ اس نئے سسٹم کے ساتھ بن کو کس طرح کھولیں گے؟***


- اگر آپ اینڈرائیڈ استعمال کر رہے ہیں تو اپنے اسمارٹ فون کو ریڈر کے پاس اس جگہ پر رکھیں جہاں آپ عام طور پر کارٹا اسمیرالڈو رکھتے ہیں، فون کو ان لاک کیے بغیر یا ایپ کھولے بغیر۔
- اگر آپ iOS استعمال کر رہے ہیں تو "اسمارٹی بن" سیکشن میں ایپ کو کھولیں، "ڈسپوز" بٹن پر کلک کریں، اور اپنے اسمارٹ فون کے اوپری حصہ کو ریڈر کے قریب رکھیں۔

مزید معلومات کے لیے ہیرا کسٹمر سروس 800.999.500 پر دستیاب ہے۔
ملاحظہ کریں www.gruppohera.it/smarty یا QR کوڈ اسکین کریں۔

## نئی بنز کس طرح کھلیں گی؟

**کاغذ/گتّے اور پلاسٹک/کینز بنز**: کارٹا اسمیرالڈو کے ساتھ
(ہدایات میں مثال کے طور پر پلاسٹک کا ذکر کیا گیا ہے)




بن کو کھولنے کے لیے، اسمارٹ فون یا کارٹا اسمیرالڈو کو ریڈر کے قریب رکھیں اور پیڈل کو دبائیں
پیڈل کو دباتے ہوئے صرف پلاسٹک اور کینز ڈالیں
پیڈل دبا کر ڈھکن کو بند کریں

**غیر ترتیب شدہ کچرا بن**: کارٹا اسمیرالڈو کے ساتھ




اسمارٹ فون یا کارٹا اسمیرالڈو کو ریڈر کے قریب رکھیں، ڈراور (دراز) اپنے آپ کھل جائے گا
کچرے کے بیگ کو اچھی طرح سے بند کر کے داخل کریں
پیڈل دبا کر ڈھکن کو بند کریں

**گھاس کی کترن اور شاخوں والی بن**: چابی کے ساتھ







ان بِنز کو کھولنے کے لیے آپ کو کاسا اسمیرالڈو پر دی جانے والی **چابی** کی ضرورت ہو گی۔
آپ کو کارٹا اسمیرالڈو کی ضرورت نہیں ہے۔

کس طرح؟

- ✓ بن کے سائیڈ میں موجود تالے میں چابی داخل کریں
- ✓ چابی کو گھمائیں
- ✓ اس کو کھولنے کے لیے بن کے پیڈل کو دبائیں
- ✓ کترن داخل کریں (یاد رکھیں کہ بیگز کا استعمال نہ کریں)
- ✓ بن کو بند کرنے کے لیے پیڈل کو چھوڑ دیں

**شیشہ والی بن**: کارٹا اسمیرالڈو کے بغیر




شیشے کے کلیکشن کے لیے، تمام بوتل کے بینکس ہرے ڈھکن والی نئی بنز سے بدل دیے جائیں گے۔
بن کھولنے کے لیے پیڈل کو دبائیں۔ اسے بند کرنے کے لیے پیڈل کو چھوڑ دیں۔

# کاسا اسمیرالڈو کے کھلنے کے اوقات

| **بستیلیہ (BASTIGLIA)** | **بومپورٹو (BOMPORTO)** | **سولارا (SOLARA)** | **سوربارا (SORBARA)** |
|---|---|---|---|
| CASA DEL POPOLO | SALA CIVICA TORNACANALE | سگریٹ نوشی کی دوکان کے برابر میں آفس | SALA LOMBRICO |
| Via Parco delle Rimembranze 2 | Piazza Matteotti 35 | Via I Maggio 25 | Piazzetta dei Tigli |

| دن | وقت | مقام | | |
|---|---|---|---|---|
| 14 جنوری بروز منگل | *12:30 – 08:30* | سوربارا (SORBARA) | | |
| | *18:30 – 14:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سولارا (SOLARA) | |
| 15 جنوری بروز بدھ | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | بومپورٹو (BOMPORTO) | |
| | *20:00 – 14:30* | سوربارا (SORBARA) | | |
| 16 جنوری بروز جمعرات | *صبح 08:30 بجے سے دوپہر 12:30 بجے اور دوپہر 2:30 بجے سے شام 8 بجے تک* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | بومپورٹو (BOMPORTO) | |
| 17 جنوری بروز جمعہ | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سولارا (SOLARA) | |
| | *18:30 – 14:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سوربارا (SORBARA) | |
| 18 جنوری بروز ہفتہ | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سولارا (SOLARA) | بومپورٹو (BOMPORTO) |
| 19 جنوری بروز اتوار | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سوربارا (SORBARA) | |
| 20 جنوری بروز پیر | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سوربارا (SORBARA) | |
| | *18:30 – 14:30* | بومپورٹو (BOMPORTO) | | |
| 21 جنوری بروز منگل | *12:30 – 08:30* | سوربارا (SORBARA) | | |
| | *20:00 – 14:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | سولارا (SOLARA) | |
| 22 جنوری بروز بدھ | *12:30 – 08:30* | بستیلیہ (BASTIGLIA) | بومپورٹو (BOMPORTO) | |
| | *18:30 – 14:30* | سوربارا (SORBARA) | | |
| 23 جنوری بروز جمعرات | *صبح 08:30 بجے* | بستیلیہ | بومپورٹو | |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| | سے دوپہر 12:30<br>بجے اور دوپہر 2:30<br>بجے سے شام 8 بجے<br>تک | (BASTIGLIA) | (BOMPORTO) | |
| **24 جنوری بروز جمعہ** | *12:30 – 08:30* | بسٹیلیہ<br>(BASTIGLIA) | سولارا<br>(SOLARA) | |
| | *18:30 – 14:30* | بسٹیلیہ<br>(BASTIGLIA) | سوربارا<br>(SORBARA) | |
| **25 جنوری بروز ہفتہ** | *12:30 – 08:30* | بسٹیلیہ<br>(BASTIGLIA) | سولارا<br>(SOLARA) | سوربارا<br>(SORBARA) |
| **26 جنوری بروز اتوار** | *12:30 – 08:30* | بسٹیلیہ<br>(BASTIGLIA) | بومپورٹو<br>(BOMPORTO) | |
| **27 جنوری بروز پیر** | *12:30 – 08:30* | بسٹیلیہ<br>(BASTIGLIA) | سوربارا<br>(SORBARA) | |
| | *18:30 – 14:30* | بومپورٹو<br>(BOMPORTO) | | |

**<u>ترتیب شدہ کچرا کٹ کے کلیکشن کے لیے اجازت نامہ</u>**

ذیل میں دستخط کنندگان (TCP کنٹریکٹ ہولڈر)

.........................................................................................................................................

کِٹ وصول کرنے کے لیے ........................... کو اختیار دیتا ہے، جیسے:

☐ فیملی کا وہ ممبر جس کے پاس TCP کنٹریکٹ نہیں ہے

☐ دیگر ...............................................................................................................................

تاریخ ......................

TCP کنٹریکٹ ہولڈر کے دستخط ...................

فیملی ممبر کے دستخط ..........................................................................................

**اجازت نامہ کے ساتھ فیملی ممبر کی ID کاپی ہونی ضروری ہے**

رازداری کی پالیسی کے بارے میں مزید معلومات کے لیے: www.gruppohera.it/privacy-policy